نیا سنسار انٹرنیشنل کا

परदेशी

162

پردیسی

ادا کاران

نرگس بلراج ساہنی
پرتھوی راج
جے راج

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

پردیسی کے گانے

گانا نمبر ۱

ارے ذرا سن لگا کر دھیان
یہاں جنمے لوگ مہان بڑے گنوان
کہ جیسے رام لکشمن بھائی یہاں سنی سیتا جیسی مائی
تو ان مست مہمان گوسائیں۔ جی۔ جی
کہ جن کی مہماں کہی نہ جائے جی ــــ

یہ ہندوستان ہے پیارے ہماری جان ہے پیارے
ہماری آن ہماری بان ہماری شان ہے پیارے

یہ ہندوستان ہے پیارے

اک دن رانی کیکئی نے گھر میں ایسی آگ لگائی
لاج کرے کیوں سوت کا بیٹا دشرتھ کو یہ پٹی پڑھائی
ہارے اپنا وچن جو دشرتھ ہرتی بھری بکیا مرجھائی
پتا کی آگیا پالن کرنے بن کو چلے رام رگھو رائی
رام جے جے رام جے جے رام جے جے رام
رگھو کل ریت سدا چلی آئی پران جائیں پر وچن نہ جائی

یہ ہندوستان ہے پیارے ...

جمنا تٹ پہ سنگ سکھین کے راس رچائے کرشن کنہائی
بالی جھنکی کنگنا کھنکے برج میں ایسی دھوم مچائی
ہر بنت کے رنگ میں امر نا چا پریت کی دھن میں دھرتی ہالی
پریت بنا کچھ ناہی جگ میں کتھا بانی جو پریت نہ پائی

جب جب پریم کی مرلی باجی رادھا دوڑی دوڑی آئی

یہ ہندوستان ہے پیارے...

ہماری آن ہماری بان ہماری شان ہے پیارے

یہ ہندوستان ہے پیارے

گانا نمبر ۲

رِم جھم جھم رِم جھم جھم

رِم جھم برسے پانی آج مورے انگنا

مورا لڑے چنریا دھانی آج مورے انگنا

ٹھنڈی ٹھنڈی پون کا جھکورا

لے گیا من اُڑا کے ری مورا

جیسے کوئی بانکا پردیسی چھورا

کرتا پھرے من مانی آج مورے انگنا

دھیرے دھیرے آجا کا ہے میگھ راجا

سنگ لیکے برکھا رانی رے، آج مورے انگنا

موتی برسے ری موری نگریا

لے لوں آنچل میں کالی بدریا

بھیگی جائے رے بالی عمریا

آئی کیسے یہ رُت مستانی، آج مورے انگنا

من چاہے گگن کو چھو لوں

ساتھ رنگوں کے جھولے میں جھولوں

اُڑ جاؤں بادل کے سنگ جیسے تیتلی پتنگ

من کے سپنوں میں دنیا کو چھو لوں

رُک جائیں یہ گھڑیاں سُہانی

آج مورے انگنا

رِم جھم برسے پانی آج مورے انگنا

گانا نمبر ۳

رے پیارے من بسیا رے تیرے بنا جیا مورا لاگے نا

سُن سُن مُرلی کی دھن متوالی

رہ جائے رادھا اَدھری گھڑی کی گھڑی

لاکھ جتن کروں لاج کی ماری

پاؤں اُٹھا پر آگے نا

تیرے بنا جیا مورا لاگے نا

سنگ سنگ چلوں تورے من تو یہ چاہے رے

روکے لاج روکے پیا کا کروں ہائے رے

رام کرے ہائے تیری کے من میں

پریم پریت کبھی جاگے نا

تیرے بنا جیا...

گانا نمبر ۴

تُجھ میں رام، مُجھ میں رام سب میں رام سمایا

سب سے کرلے پیار جگت میں، کوئی نہیں پرایا رے

تجھ میں رام...

نہ وہ مندر نہ وہ مسجد نہ کعبہ کیلاش

من درپن میں دیکھ رے مورکھ

پربھو کو تیرے پاس

گوری مائی کالی مائی، سب میں اُسکی چھایا
تجھ میں رام....
ذرا سا چھو لینے سے جس کا ہو جائے اپمان
اندھی پوجا کرنے والے وہ کیسا بھگوان
ذات پات کے بھید بھاؤ میں کاہے جنم گنوایا
تجھ میں رام...
پردیسی کے گھر سے کیا تم نے
مہمان کو دیا نکال
در کھٹکتو مندر سے بھگوان کو دیا نکال
پتھر میں تو ہری دیکھے انسان میں دیکھ نہ پایا
تجھ میں رام...

گانا نمبر ۵

سانجھ سکارے جائیں گے نین مریں گے روئے
وِدھنا ایسی رین کرو کہ بھور کبھی نہ ہوئے
نا دِر درم تنا دیرے تا
نا جا نا جا بلم، بلم مورے نہ
تیری آگ لگائی میں نے من میں پیا
تیری سیج سجالی میں نے من میں پیا
تیرے بن بسے نین میں — پیا
کہیں تو ہی موسے بین پھیرے نا
نا جا نا جا بلم....
تیکھی گلے کی دھار پیا تیرے لئے

میرے سولہ سنگار پیا تیرے لئے
باجے من کا ستار پیا تیرے لئے
ہوئے پھر بھی تو بلم ہائے تیرے تھا
ناجا ناجا بلم ...

گانا نمبر ۸

رومت للنا تجھے لاؤں تو ہے پلنا
آج کے یہ دکھڑے رہیں گے منے کل نا
گھوڑے پہ پون کے بیٹھ میگھ راجا آئیگا
میگھ راجا آئیگا اور موتی برسائے گا
موتی برسیں گے اور دھان لہرائیگا
دھان گھر آئیگا اور منا بھات کھائیگا
آج کے یہ دکھڑے ....
سوجا منے تیرے لئے جاگے تیری مائی
دیکھ تجھے لینے سپنوں کی رانی آئی
اس دیش جہاں برفوں نے سیج سجائی
آیا تھا جہاں سے میرا پردیسی راہی
آج کے یہ دکھڑے ....

گانا نمبر ۹

ارے ذرا سنو لگا کر دھیان
یہ ہندوستان والوں کی پہچان
یہ ان کی شان کہ گھر آئے مہمان
بچھائے بن لٹائے جان

کہ ہے مہمان بن ہی بھگوان جی جی
یہ ہندوستان ہے پیارے ہماری جان ہے پیارے
ہماں آن ہماری بان ہماری شان ہے پیارے
یہ ہندوستان ہے پیارے

گانا نمبر ۹

جاؤ سدھارو جان تم پر خدا کی ہو امان
بچھڑے ہوئے ملیں گے پھر قسمت نے گر ملا دیا
پھر ملیں گے جانے والے یار دسویں دنیا
یار کو تڑپانے والے یار دسویں دنیا
پھر ملیں گے....
ہند کی ٹھنڈی ہوائیں ساتھ جائیں گی تیرے
دھیمی کالی گھٹائیں ساتھ جائیں گی تیرے
راستہ دشوار منزل دور گھبرانا نہیں
تیرے یاروں کی دعائیں ساتھ جائیں گی تیرے
ساتھ جائیگا ہمارا پیار دسویں دنیا — پھر ملیں گے...
آنکھوں سے دور ہوا جاتا ہے جانے والے
دل سے جائیگا کہاں دل کے لبانے والے
کل کے دن ہم جو نہ ہوں گے تو بلا سے نہ سہی
اور ہوں گے تجھے سینے سے لگانے والے
لوٹ کر آئیگا تو سو بار دسویں دنیا
پھر ملیں گے...

ختم شد

صنعت و حرفت کے گنجینہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اتنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے یورپ، امریکہ، جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیا بنانیکے نسخے۔ صابون، تیل، کریم، پاؤڈر اور روز مرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بیکری کرنیکے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ قیمت صرف 3/1/- محصولڈاک معاف

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی کتاب۔ جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کیگئی ہے۔ جدید فیشن ایبل کپڑوں مثلاً شرٹ لیڈیز کوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملے گا۔

قیمت صرف 3/1/- محصولڈاک معاف

نیو فیشن بک

زنانے مردانے تقریباً ۲۰۰ ڈیزائن ڈبل بلاک سے آرٹ پیپر پر چھاپے گئے ہیں۔ جسے دیکھکر گاہک من مانا کپڑا سلوا سکتا ہے۔ ہر دوکاندار کے پاس اسکا ہونا ضروری ہے۔

قیمت صرف 2/4/1- محصولڈاک معاف

زین اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)